نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت کے وقت کھادوں کے استعمال بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور:26 اکتوبر2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کے کاشتکار بارانی کم بارش والے علاقوں (راجن پور، لیہ، ڈیرہ غازی خان، مظفرگڑھ، بھکر، میانوالی، جنڈ، پنڈی گھیب اور خوشاب کے بارانی علاقہ جات) میں بوائی سے قبل زمین کی تیاری کے وقت ایک بوری ڈی اے پی، ایک بوری یوریا اور آدھی بوری ایس او پی یا ایم او پی فی ایکڑ ڈالیں جب کہ درمیانی بارش والے علاقوں (چکوال، تلہ گنگ اور پنڈ دادن خان کے علاقہ جات) میں سوا بوری ڈی اے پی، سوا بوری یوریا اور آدھی بوری ایس او پی فی ایکڑ ڈالیں۔ زیادہ بارش والے علاقہ جات (راولپنڈی، اٹک، جہلم، نارووال، سوہاوہ، نارووال، گجرات، کھاریاں اور شکرگڑھ کے علاقہ جات) میں ڈیرھ بوری ڈی اے پی اور ڈیرھ بوری یوریا اور ایک بوری ایس او پی یا ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ڈرل کے ذریعہ کاشت اور بوائی کے وقت ڈالی جانے والی کھاد کے استعمال کی صورت میں کھادوں کی افادیت بڑھ جاتی ہے۔کھاد چونکہ پودوں کی جڑوں کے قریب گرتی ہے اور اس طرح فصل کھاد کا ہر دانہ استعمال کرسکتی ہے۔

☆☆☆☆